PR – XI (A-I-B) (24)

اُردو لازمی

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

سوال ۲: درج ذیل میں سے دس (۱۰) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

۱) رتن ناتھ سرشار کی علمی وادبی خدمات بیان کیجیے؟

۲) ناول "فسانہ آزاد" میں آپ کا پسندیدہ کردار کونسا ہے؟ نیز وجہ پسندیدگی بھی بیان کیجیے؟

۳) "عالیہ" کے کردار پر نوٹ لکھیے؟ ۴) ڈراما "خوبصورت بلا" کا مرکزی خیال لکھیے؟

۵) ڈراما "تعلیم بالغاں" میں مولوی صاحب کے کردار پر تبصرہ کیجیے؟

۶) شیخ سعدی کے مزار پر ابن انشاء کی کیفیت کیسی تھی؟

۷) سفرنامے کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فنی لوازم بھی بیان کیجیے؟

۸) روحانیت کی کمی سے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

۹) ماہر القادری کی "حمد" کا خلاصہ لکھیے؟ ۱۰) محسن کاکوروی کی نعت گوئی پر نوٹ لکھیے؟

۱۱) میر انیس کے اُسلوب کی خصوصیات بیان کیجیے؟

۱۲) مرثیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے ارکان کی وضاحت کیجیے؟

۱۳) مجاز مرسل کی تعریف کریں اور تین مثالیں دیں۔

سیکشن (ج)

سوال 3: درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔

الف) علم سے عمل نہیں آجاتا، علم کو عمل میں لانا، علم سے باہر اور علم سے بدتر ہے اور مشاہدہ آدمی کی زندگی کو درست اور اس کے علم کو باعمل، یعنی اس کے برتاؤ میں کر دیتا ہے۔ علم کی یہ نسبت عمل اور سوانح عمری کی بہ نسبت عمدہ چال چلن، آدمی کو زیادہ ترمعزز اور قابلِ ادب بناتا ہے۔

ب) انسان ایک سماجی مخلوق ہے۔ ایک دوسرے سے مل جل کر رہتا ہے۔ اور اس پر جو کچھ گزرتی ہے، جو سانحات بھی اس کے دل پر اپنے نقوش چھوڑتے ہیں، حالات کو جن کروٹوں سے بھی وہ متاثر ہوتا ہے، اُن سب کو کسی نہ کسی صورت میں ساتھیوں تک پہنچادینا، اُس کی سب سے بڑی خواہش ہوتی ہے۔

سوال 4: درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔

الف) اُترا یہ کہہ کے کشتی اُمت کا نا خدا — جتنے سوار تھے وہ ہوئے سب پیادہ پا

حضرت نے مسکرا کے یہ ہر ایک سے کہا — دیکھو تو! کیا ترائی ہے، کیا نہر، کیا فضا

ب) افسوس ہے کہ ہم تو رہے مست خواب، صبح — اور آفتاب عمر لبِ بام آگیا

ہے جائے رحم حال پہ یاں اُس اسیر کے — جو گرتے ہی ہوا سے تہہ دام آگیا

سوال 5: دو دوستوں کے مابین کتب بینی کے کم ہوتے رجحانات اور اس کے نقصان پر مکالمہ قلم بند کیجیے۔ (یا)

اخبار کے مدیر کو خط لکھ کر نوجوان نسل کے کھیلوں کے لیے سہولیات فراہم کرنے کی اہمیت اجاگر کیجیے۔

سوال 6: اپنے دلچسپ سفر کی روداد لکھیں۔

www.ilmkidunya.com